ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

20-09-2021

بہاولپور() ڈی پی او محمد فیصل کامران کا اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد، 74 شہریوں نے پولیس سے متعلقہ مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہری کا رخ کیا، ڈی پی او نے طویل دورانیہ کے دوران کھڑے ہو کر آخری شہری تک تمام شہریوں کو سن کر ان کے سامنے متعلقہ افسران کو لائیو کال پر احکامات جاری کیے، تھانہ کی سطح پر ہی شہریوں کے مسائل قانون کے مطابق اور میرٹ پر حل کریں تاکہ انہیں دور دراز کا سفر نہ کرنا پڑے، روزانہ کی بنیاد پر ہمارا واسطہ ایک عام آدمی سے ہے جس کے پولیس سے متعلقہ مسائل فوری حل کیے جائیں، ڈی پی او

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب سردار عثمان بزدار اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کی شہریوں کو فوری انصاف کی فراہمی اور اوپن ڈور پالیسی کے تحت ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اپنے دفتر میں روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری منعقد کرنے کے سلسلہ کے تحت کھلی کچہری لگائی، جس میں 74 شہریوں نے پولیس سے متعلقہ اپنے مسائل بیان کیے۔ ورکنگ ڈے کے پہلے روز طویل دورانیہ کے دوران کھڑے ہو کر آخری شہری تک تمام شہریوں کو تفصیلی سنا اور ان کے سامنے متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو لائیو کال پر احکامات جاری کیے، درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم میں واپس ڈی پی او آفس رپورٹ بھجوانے کے احکامات بھی جاری کیے، ڈی پی او نے سائلین سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری میں میری پہلی ترجیح ہے کیونکہ قانون پسند شہری اپنے مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہری کا رخ کرتے ہیں، اس کی بڑی وجہ تھانہ کی سطح پر ان کے مسائل حل نہ ہونا ہے جس کی وجہ سے انہیں دور دراز کا سفر کرنا پڑتا ہے، ایس ڈی پی او اور ایس ایچ اوز نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا واسطہ روزانہ کی بنیاد پر ایک عام آدمی سے ہے، ان کے مسائل تھانہ کی سطح پر قانون کے مطابق اور میرٹ پر ہی حل ہونے چاہیے، کسی سے ناانصافی نہیں ہونی چاہیے، انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہماری ذمہ داری ہے، ان کی فوری داد رسی کی جائے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

بہاول پور: ڈی پی او محمد فیصل کامران کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل سن کر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

20-09-2021

بہاول پور()ڈی پی او محمد فیصل کامران کی ہدایت پر ضلع میں جاری انسداد پولیو مہم کے حوالے سے فول پروف سیکیورٹی کے انتظامات، تمام شہریوں کے ساتھ ساتھ انسداد پولیو مہم کے سلسلہ میں پولیو ورکرز کو بلا خوف وخطر پرامن ماحول مہیا کرنا ہماری اولین ڈیوٹی میں شامل ہے، معاشرتی امن کو خراب کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، ڈی پی او۔

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اورایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی پالیسی ضلع میں معاشرتی امن اورفول پروف سیکیورٹی کے انتظامات کے حوالے سے احکامات کی روشنی میں پنجاب بھر کی طرح بہاول پور ضلع میں بھی انسداد پولیو مہم جاری ہے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی ہدایت پر اس حوالے سے سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات مکمل کر کے سیکیورٹی پلان جاری کیا جا چکا ہے، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز پولیو ورکرز کی سیکیورٹی کو باقاعدگی سے چیک کریں، انسداد پولیو مہم کے سلسلہ میں پولیو ورکرز جو کہ مفاد عامہ اور ریاستی احکامات کی روشنی میں اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں، ان کی سیکیورٹی اولین ترجیح ہے، یہ ہمارے مستقبل کے معمار بچوں کی صحت کا معاملہ ہے، کیونکہ پولیو کے قطرے نا پینے والے بچے ہمیشہ کے لیے معذوری کا شکار ہو سکتے ہیں، پولیو ورکرز کو بلا خوف وخطر پرامن ماحول کرنا ہماری ڈیوٹی میں شامل ہے، ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو چیک اور الرٹ رکھیں تاکہ ضلع میں امن وامان کی فضاء کو برقرار رکھا جا سکے، ان خیالات کا اظہار ڈی پی او محمد فیصل کامران نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو سیکیورٹی پلان پر عمل درآمد کے حوالے سے جاری احکامات میں کیا۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

بہاول پور: انسداد پولیو مہم کے دوران پولیو ورکرز کے ساتھ پولیس کے جوان سیکیورٹی ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

20-09-2021

بہاولپور() ڈی پی او محمد فیصل کامران کی ہدایت پر مجرم اشتہاریوں کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری، تھانہ سٹی احمد پو شرقیہ پولیس نے قتل کے مقدمہ میں مطلوب A کیٹگری کا مجرم اشتہاری کو گرفتار کرلیا، مجرمان اشتہاریوں کو دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کیا جائے، عوام کو شر پسند عناصر کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑا جائے گا، ڈی پی او۔

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاری کے حوالے سے احکامات کے پیش نظر ڈی پی او محمد فیصل کامران کی ہدایت پر پولیس نے مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاریوں کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے، تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے اہم کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں ملوث A کیٹگری کے مجرم اشتہاری محمد بلال کو 01 سال بعد گرفتار کرلیا، ڈی پی او محمد فیصل کامران نے بات کرتے ہوئے کہا کہ آئی جی پنجاب کی جانب سے اشتہاریوں کی گرفتاری بارے جو احکامات جاری کیے گئے ہیں، کو ہر صورت فالو کیا جائے گا اور اس سلسلہ میں جتنے بھی اشتہاری مجرمان آزاد ہیں ان کو تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کیا جائے، عوام کو شر پسند عناصر کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا، مقدمات میں ملوث مجرمان اشتہاریوں کے گرفتار ہونے سے مقدمات کو بروقت یکسو کرنے میں مدد حاصل ہوتی ہے۔ جبکہ ان کی گرفتاری میں تاخیر انصاف میں تاخیر کی واضح وجہ ہے۔

بہاول پور: تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس کی کارروائی، قتل کے مقدمہ میں مطلوب A کیٹگری کا مجرم اشتہاری گرفتار۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس